نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں کپاس کی اگیتی کاشت بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور،08مارچ2025: وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر تاریخ میں پہلی بار 5 ایکڑ اگیتی کپاس کاشت کرنے پر 25 ہزار روپے کا خصوصی پیکج دیا جا رہا ہے۔کاشتکار اگیتی کپاس کی کاشت میں بھرپور دلچسپی لے رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں کپاس کی اگیتی کاشت بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے کہا کہ موجودہ موسم کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے نہایت موزوں ہے۔صوبہ پنجاب میں 10 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کپاس کی اگیتی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔کپاس کی اگیتی کاشت کے ہدف کے حصّول کے لئے محکمہ زراعت پنجاب کے تحت تمام ممکنہ ذرائع ووسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے اگیتی کپاس کے ٹارگٹ کے حصول کے لئے کاشتکاروں کی راہنمائی کے سلسلے میں جاری سرگرمیوں میں مزید تیزی لانے کی ہدایت کی۔انھوں نے مزید کہا کہ کپاس کے بیج، کھادوں ودیگر زرعی مداخل کی مارکیٹوں میں دستیابی یقینی بنانے کے لئے مانیٹرنگ کا عمل جاری ہے۔کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے صرف ٹرپل جین اقسام کی سفارش کی جائے۔سیکرٹری زراعت نے واضح کیا کہ کپاس کی اگیتی کاشت ہی پیداواری ہدف کے حصول کا سنگ میل ثابت ہوگی۔اجلاس میں سپشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان،ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید،نوید عصمت کاہلوں،ڈاکٹر عبدالقیوم،پراجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد انجم علی ودیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆